SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۱۹۹۰
SINDH ACT NO.I OF 1990
سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹
THE SINDH SMALL INDUSTRIES CORPOARATION (AMENDMENT) ACT, 1989
فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of section 5 of Sindh Act of XXVI of 1972

سندھ ایکٹ نمبر I مجریہ ۱۹۹۰
SINDH ACT NO.I OF 1990
سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH SMALL INDUSTRIES CORPOARATION (AMENDMENT) ACT, 1989

[۸ جنوری ۱۹۹۰]

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اس کو اس طرح عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXVI کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of section 5 of Sindh Act of XXVI of 1972

۲۔سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن ایکٹ، ۱۹۷۲ کی دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۱) کے لیئے، مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

(i)وزیر برائے صنعت، حکومت سندھ	چیئرمین
(ii)سیکریٹری، انڈسٹریز اور محکمہ برائے معدنی ترقی، گورنمنٹ آف سندھ یا اس کا نامزد کیا ہوا جو بی ایس ۱۹ کے عملدار سے کم نہ ہو۔	میمبر
(iii)سیکریٹری، محکمہ مالیات، حکومت سندھ یا اس کا نامزد کیا ہوا جو ایڈیشنل سیکریٹری کے عہدے سے کم نہ ہو۔	میمبر
(iv)محکمہ برائے منصوبہ بندی اور ترقی کا ایک نمائندہ جو بی ایس ۱۵ کے عملدار سے کم نہ ہو۔	میمبر
(v) اسیمبلی کی طرف سے منتخب چار صوبائی اسیمبلی سندھ کے میمبر، ہر روینیو ڈیوزن میں سے	میمبر

ایک	
(vi)چیئرمین کی سفارشات پر تین سال کی مدت کے لیئے ہر روینیو ڈویزن میں سے حکومت کی طرف سے مقرر کردہ سندھ کا ڈومیسائیل رکھنے والے چار افراد اور اس کے بعد بھی مزید تین سال کی مدت کے لیئے مقرر ہو سکتے ہیں۔	میمبر
(vii)انڈسٹریل ڈولپمنٹ آف پاکستان، ایکسپورٹ پروموشن بیورو، گورنمنٹ آف پاکستان اور ٹریننگ کارپوریشن آف پاکستان ہر ایک میں سے ایک نمائندہ۔	میمبر
(viii)صوبہ سندھ کی نمائندگی کرنے والی فیڈریشن آف چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دو میمبر	میمبر
(ix)صنعتی شعبے سے ڈیل کرنے والا آل پاکستان ویمنس ایسوسی ایشن کا ایک نمائندہ	میمبر
(x)مینیجنگ ڈائریکٹر، سندھ اسمال انڈسٹریز کارپوریشن	میمبر

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا